SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

August 4, 2020

ایس ای سی پی نے سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزر ریگولیشنز میں ترامیم تجویز کر دیں

اسلام آباد (4 اگست) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کیپٹل مارکیٹ کو وسعت دینے اور مارکیٹ میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے پیش نظر، سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزر کے لائسنسنگ اینڈ آپریشنز کے ریگولیشنز میں ترامیم تجویز کر دیں ہیں۔ ریگولیشنز میں ترامیم کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

ریگولیشنز میں ترامیم کے ذریعے ایس ای سی پی نے افراد کو انفرادی طور پر سکیورٹیز اور فیوچر ایڈوائزرز کی حیثیت میں کام کرنے اور ساتھ ہی ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے میوچل فنڈزکے یونٹوں کی ڈسٹری بیوشن کرنے کی اجازت دینے کی تجویز دی ہے۔ اس سے میوچل فنڈز کا دائرہ کار بڑھے کا اور کمپنیاں اپنے ڈسٹری بیوٹرز پورے ملک میں نامزد کر سکیں گی۔

اس کے علاوہ ، ایس ای سی پی نے ایڈوائزی سروسز فراہم کرنے والی کمپنیوں کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا سربراہ کے کم ازکم تجربہ کی مدت کو بھی پانچ سال سے کم کر کے تین سال کرنے کی تجویز دی ہے۔ اس ترمیم سے مطلوبہ تعلیم رکھنے والے نوجوانوں میں کیپٹل مارکیٹ کے لئے ایڈائزری خدمات کی فراہمی کا رجحان بڑھے گا۔

ترامیم کی تجاویز پر موصول ہونے والی آراء و تجاویز کی روشنی میں مسودہ کو حتمی شکل دی جائے گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005